**01.04.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں............ضمیر رضوی

**Music**

..............................................................................

☆ حکومت نے زور دے کر کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں محاذ آرائی کے باوجود ملک میں خریف سیزن کیلئے کھاد، فصل کے بیج اور زرعی کیمیکلز کا مناسب ذخیرہ موجود ہے۔

☆ شہری ہوا بازی کی صنعت نے گھریلو پروازوں کیلئے ATF کی قیمت میں اضافے کو محدود کرنے کے مرکز کے فیصلے کی ستائش کی ہے، جس سے ناسازگار صورتحال میں راحت ملے گی۔

☆ وزیرِ اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے غیرقانونی طور پر امیگریشن کو ختم کرنے اور آسام میں زمینی حقوق کے تحفظ کا عہد کیا ہے۔ کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا نے گزر بسر کے خرچ میں اضافے کا الزام لگایا ہے۔

☆ پارلیمنٹ نے قرض کی نادہندگی اور دیوالیہ پن سے متعلق ضابطے کے ترمیمی بل کو منظوری دے دی ہے۔

☆ راجیہ سبھا نے مرکزی مسلح پولیس فورسز کے اہلکاروں سے متعلق عام ضابطوں کو منظّم کرنے کیلئے بل کو منظوری دی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو مردم شماری 2027 کیلئے اپنے اندراج کے عمل میں شامل ہوئیں۔

☆ اور منگولیا میں ایشیائی باکسنگ چمپئن شپ میں بھارت کے سچن Siwach اور وِشو ناتھ سُریش مردوں کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

..............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**REV INTER MINISTERIAL BRIEFING**

حکومت نے آج یقینی دہائی کرائی ہے کہ مغربی ایشیا محاذ آرائی کے درمیان ملک میں سبھی طرح کی فصلوں کے بیج مناسب طور پر دستیاب ہیں۔ نئی دلّی میں مغربی ایشیا میں حالیہ واقعات کے سلسلے میں بین وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے میں ایڈیشنل سکریٹری ڈاکٹر Maninder کور دِویدی نے مطلع کیا کہ ملک بھر میں خریف فصلوں کیلئے 185 لاکھ کوئنٹل سے زیادہ بیج دستیاب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ خریف سیزن کیلئے ابتدائی ذخیرے کے طور پر 46 فیصد کھاد پہلے ہی دستیاب ہے۔ ایڈیشنل سکریٹری نے مزید کہا کہ ملک میں زرعی کیمیکلز کی معقول مقدار بھی دستیاب ہے۔

شہری ہوا بازی کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری Asangba Chuba Ao نے مطلع کیا کہ شہری ہوا بازی کی وزارت نے مقررہ گھریلو طیارہ بردار کمپنیوں کیلئے ہوائی جہازوں کے ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کو 25 فیصد تک محدود کرنے کے حکومت کے فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے کہا کہ اِس وقت ملک میں خام تیل کا معقول ذخیرہ موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے آئندہ دو مہینوں کیلئے خام تیل کی مناسب سپلائی کو یقینی بنانے کیلئے بندوبست کیا ہے۔

وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ تہران میں بھارتی سفارتخانے نے اب تک ایک ہزار 171 بھارتیوں کی واپس آنے میں مدد کی ہے۔x

**AIRLINES ATF**

ملک کی شہری ہوا بازی کی صنعت نے گھریلو پروازوں کیلئے ہوائی جہازوں کے ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کو محدود کرنے کے مرکز کے فیصلے کی ستائش کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ایئر انڈیا نے اِس قدم کو دانشمندانہ اور بروقت قرار دیا ہے، جس سے اِس مشکل وقت میں شہری ہوا بازی کے شعبے کو راحت ملے گی۔ اِس دوران IndiGo ایئرلائنز نے کہا ہے کہ یہ ایک بامعنیٰ قدم ہے، جس سے ایئرلائنز کو زیادہ استحکام حاصل ہوگا۔x

**PM ASSAM ELECTION**

آسام، کیرلم اور پڈوچیری اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔ آسام کے 126 اسمبلی حلقوں میں، کیرلم کی 140 سیٹوں اور پڈوچیری اسمبلی کی 30 سیٹوں کیلئے 9 اپریل کو واحد مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے اسمبلی انتخابات سے پہلے آج آسام کے گوگا مُکھ اور بسوا ناتھ

میں انتخابی جلسوں سے خطاب کیا۔ گوگا مُکھ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ NDA کے پچھلے 10 سالہ دورِ اقتدار میں آسام میں قابل ذکر ترقی ہوئی ہے۔ وہیں بسوا ناتھ میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے الزام لگایا کہ کانگریس نے غیر قانونی طور پر ملک میں رہنے والوں کو مقامی لوگوں کی زمین پر بسنے کا موقع دیا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی حکومت آسام کو غیر قانونی طور پر داخل ہونے والوں سے چھٹکارا دلائے گی اور مقامی برادریوں کے زمین کے حقوق کا تحفظ کرے گی۔

سینئر کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا نے بھی آج آسام کے اپنے ایک روزہ دورے میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ سِوساگر ضلعے میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے پرینکا گاندھی نے کہا کہ زندگی گزارنے کے بڑھتے اخراجات کا شہریوں پر بوجھ پڑ رہا ہے۔

## EC CENTRAL OBSERVERS

انتخابی کمیشن نے آئندہ اسمبلی انتخابات سے پہلے آسام، کیرالہ اور پدوچیری میں مرکزی مشاہدین تعینات کرنے کے سلسلے میں آج ایک جائزہ میٹنگ کی۔ آسام، کیرالہ اور پدوچیری کے چیف انتخابی افسران سمیت کُل 282 مرکزی مشاہدین نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران کمیشن نے مشاہدین کو ہدایات دیں کہ وہ انتخابات کے عمل کو تہوار کے طور پر یقینی بنائیں، جو کسی بھی طرح سے ڈرانے دھمکانے، تشدد اور لالچ سے آزادانہ اور منصفانہ ہوں۔x

## Constituency Profile Kerala Election

اسمبلی حلقے کی تفصیل سے متعلق آج کی کڑی میں ہم کیرالم کے Pathanamthitta ضلع میں واقع Ranni اسمبلی حلقہ پر دھیان مرکوز کریں گے۔ اس اسمبلی حلقہ کو دیہی قدرتی مناظر، شجرکاری کی معیشت اور مضبوط سیاسی سرگرمیوں کے مجموعہ کے طور پر جانا جاتا ہے۔

اس حلقہ میں خواتین ووٹروں سمیت ووٹروں کی نمایاں تعداد ہے۔ پیش ہے ایک رپورٹ.................

V/C- Smithy M. Palluruthy

کیرالم کے Pathanam thitta ضلع کے Ranni اسمبلی حلقہ سے چار امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ Ranni میں LDF کے امیدوار کے طور کیرالہ کانگریس (ایم) کے Pramod Narayanan چناؤ لڑ رہے ہیں۔ UDF نے کانگریس لیڈر Pazhakulam Madhu جبکہ NDA نے ٹوینٹی ٹوینٹی پارٹی کے Thomas K

Samuel کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔ K.P Sreehar آزاد امیداوار کے طور پر انتخابات لڑ رہے ہیں۔ 2021 میں ہوئے انتخابات میں کیرالہ کانگریس (ایم) کے Promodh Narayanan نے ایک ہزار 285 ووٹوں کے فرق سے جیت حاصل کی تھی۔ 2016 میں ہوئے انتخابات میں CPM کے امیدوار Raju Abraham نے Ranni آسمبلی حلقہ سے 14 ہزار ووٹوں کے فرق سے جیت حاصل کی تھی۔

اس آسمبلی حلقہ میں کُل ایک لاکھ 76 ہزار ووٹر ہیں۔ ان میں سے 90 ہزار خواتین ووٹر ہیں۔

تھرو انتا پورم سے Smithy M. Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان۔x

**RS Bankruptcy Code**

پارلیمنٹ میں آج راجیہ سبھا نے صوتی ووٹ سے منظور کئے جانے کے ساتھ نادہندگی اور دیوالیے پن سے متعلق ضابطوں کے ترمیمی بل 2026 کو منظوری دے دی۔ کارپوریٹ امور کے وزیرِ مملکت ہرش ملہوترا نے بل پیش کیا، جس کا مقصد نادہندگی اور دیوالیے پن سے متعلق ضابطے 2016 میں مزید ترمیم کرنا ہے۔ یہ بل کمپنیوں اور افراد کے درمیان عمل درآمد میں تاخیر اور تشریح سے متعلق معاملات کا ازالہ بھی کرے گا۔ اِس سے قبل بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے، وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ نادہندگی اور دیوالیہ پن سے متعلق ضابطوں کا بھارت کے بینکنگ شعبے کی صورتحال میں بہتری کے سلسلے میں ایک اہم رول ہے۔ انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ اِس قانون کا مقصد کبھی بھی قرض کی وصولیابی کے ایک طریقۂ کار کے طور پر کام کرنا نہیں تھا۔x

**LS JAN VISWAS BILL**

لوک سبھا نے آج جَن وشواس بل 2026 کو منظوری دے دی۔ یہ قانون، زندگی گزارنے اور کاروبار میں آسانی کیلئے اعتماد پر مبنی حکمرانی کو تقویت دیتے ہوئے جرائم کو غیر فوجداری قرار دینے اور حقیقی بنیاد پر اُن سے نمٹنے کیلئے ضروری ترمیمات کرتا ہے۔ یہ بل، چھوٹے موٹے جرائم کو غیر فوجداری جرائم کے زمرے میں لائے گا اور جرائم کے تناسب سے جرمانے عائد کرنے جیسے اقدامات نافذ کرے گا۔ x

**LS AP REORGANISATION**

آندھرا پردیش تنظیمِ نو ترمیمی بل 2026 کو بھی آج لوک سبھا نے منظور کرلیا۔ یہ بل، آندھرا پردیش تنظیمِ نو قانون 2014 میں ترمیم کرتا ہے۔ یہ بل، امراوتی کو آندھرا پردیش کی واحد راجدھانی کے طور پر قانونی درجہ عطا کرتا ہے۔ x

## RS CAPF BILL PASSED

راجیہ سبھا نے صوتی رائے دہی سے مرکزی مسلح پولیس فورسز (عام انتظامیہ) بل 2026 کو منظور کرلیا۔ داخلی امور کے وزیر مملکت نتیہ نند رائے نے گزشتہ ہفتے بل متعارف کرایا تھا، جس کا مقصد مرکزی مسلح پولیس فورسز میں گروپ۔ A جنرل ڈیوٹی افسران اور دیگر افسران کے تقرر اور خدمات سے متعلق شرائط کے قوانین کو منضبط کرنا ہے۔ بل میں اِس بات کا التزام ہے کہ انسپکٹر جنرل رینک کے تمام عہدوں پر 50 فیصد اور ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل رینک کے عہدوں پر کم از کم 67 فیصد اور ڈائریکٹر جنرل اور اسپیشل ڈائریکٹر جنرل کے تمام عہدوں پر انڈین پولیس سروس، IPS افسران کا ڈیپوٹیشن پر تقرر کیا جائے گا۔ x

## LPG PRICE HIKE

تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے مغربی ایشیا محاذ آرائی کے درمیان میٹرو پولٹن شہروں میں LPG کے کمرشیل گیس سلنڈر کی قیمت میں 195 روپے 50 پیسے کا اضافہ کردیا ہے۔ انڈین آئل کارپوریشن لمیٹیڈ کی ویب سائٹ کے مطابق دلّی میں کمرشیل LPG گیس سلنڈر کی خردہ قیمت اب 2 ہزار 78 روپے پچاس پیسے ہوگی۔ اِسی طرح کولکاتہ میں کمرشیل گیس سلنڈر اب 2 ہزار 208 روپے میں، ممبئی میں 2 ہزار 31 روپے میں اور چنئی میں 2 ہزار 246 روپے پچاس پیسے میں ملے گا۔ 19 کلوگرام کے کمرشیل LPG سلنڈر کی نظرِثانی شدہ قیمتیں آج سے لاگو ہوں گی۔ اِس دوران گھریلو استعمال کے LPG سلنڈروں کی قیمت میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔

حکومت نے وضاحت کی ہے کہ صنعتوں اور ہوٹلوں کی جانب سے استعمال کردہ کمرشیل LPG سلنڈر کی قیمتوں پر کنٹرول نہیں ہوتا اور یہ بازار پرمبنی ہوتی ہیں اور اِن پر عام طور پر ماہانہ بنیاد پر نظرِثانی کی جاتی ہے۔x

## PRESIDENT CENSUS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں حکومت کے 2027 کی مردم شماری مہم کے حصے کے طور پر از خود اندراج پہل میں حصہ لیا۔ صدر جمہوریہ نے پورٹل پر درج کی گئی اپنی گھریلو تفصیلات کا از خود شمار کیا۔ اِس موقع پر داخلہ سکریٹری گووند موہن، بھارت کے رجسٹرار جنرل اور مردم شماری کمشنر مرتیونجیہ کمار نارائن اور دیگر سینئر افسران موجود تھے۔ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے بھی آن لائن طریقے سے اپنی ذاتی تفصیلات درج کیں۔ x

**PHOOLKA JOIN BJP**

سینئر وکیل اور پنجاب میں اپوزیشن کے سابق لیڈر ہروِندر سنگھ پھولکا نے آج نئی دلّی میں BJP میں شمولیت اختیار کرلی۔ جناب پھولکا مرکزی وزیر اور پارٹی کے سینئر رہنما ہردیپ سنگھ پوری اور BJP کے قومی جنرل سکریٹری ترون چُگ کی موجودگی میں BJP میں شامل ہوئے۔x

**RUSSIA DEPUTY PM VISIT**

روس کے پہلے نائب وزیرِ اعظم Denis Manturov کل سے بھارت کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب Manturov نئی دلّی میں وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن سے ملاقات کریں گے۔ روسی نائب وزیرِ اعظم قومی راجدھانی میں سیوا تیرتھ تین میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال سے بھی ملاقات کریں گے۔ x

**AGRICULTURAL CONFERENCE REGION**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج بتایا کہ حکومت، اپریل-مئی 2026 کے دوران علاقہ جاتی سطح پر علاقائی زرعی کانفرنسوں کا جامع ملک گیر سلسلہ چلائے گی۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ کانفرنسیں، زرعی شعبے میں منظّم مکالمے، جائزے اور مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کریں گی۔ x

**NHAI DATA**

بھارت کے قومی شاہراہوں سے متعلق اتھارٹی، NHAI نے مالی سال 2025-26 کے دوران قومی شاہراہوں کے معاملے میں قابل ذکر ترقی کی ہے۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے بتایا کہ NHAI نے پانچ ہزار 300 کلو میٹر سے زیادہ قومی شاہراہیں تعمیر کی ہیں، جو کہ سال کے 4 ہزار 640 کلو میٹر کے نشانے سے 15 فیصد زیادہ ہے۔x

**BOXING**

منگولیا کی راجدھانی Ulaanbaatar میں جاری ایشیائی مُکّے بازی چمپیَن شپ میں بھارت کے Sachin Siwach اور Vishvanath Suresh نے کوارٹر فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔ مردوں کے 60 کلوگرام زمرے میں Siwach نے منگولیا کے Buyandalai Bayarkhuru کو ایک سخت مقابلے میں ایک کے مقابلے چار پوائنٹس سے شکست دی۔ کوارٹر فائنل میں اُن کا مقابلہ چینی تائپی کے Cheng Wei Lee سے ہوگا۔ Suresh نے کرغزستان کے Bekzat Ergeshov کو اتفاقِ رائے سے صفر کے مقابلے 5 پوائنٹس سے شکست دی۔ کوارٹر فائنل میں اُن کا مقابلہ موجودہ عالمی چیمپئن Sanzhar Tashkenbay سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆